لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱ | مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۱۶ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۸ھ مطابق ۸ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء | جلد ۳۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت حقوق دخیلکاری ...	۱ و ۲
۲	تقرر سید ابرار حسین صاحب ...	۲
۳	واپسی [illegible] پروانہ تعمیرات	۵
۵	رخصت منشی محسن الزمان	۶
۶	نقشہ رخصت شدہ اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ فروری سنہ ۱۹۲۰ء

رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منظور ہے - جو اضافہ تحقیق لگان بحکم حسب صراحت رپورٹ ہو اسکا از حقوق لگان واحد پر [illegible] کاغذ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس ارسل ہو -

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تبرعرض جناب عالی میر سامان

دو سال سے بنظر مصلحت انتظامی دیہات کا بندوبست جو جلسہ نیلام مین ہوتا ہے۔ آئندہ مین اضافہ لگان یا کمی لگان حاشدہ دیہات مین تجویز ہوکر اسکا عملدرآمد ہوتا ہے قانون تجویز عامدیہ کی دفعہ ۸ دستور دوم کے حرف الف مین صراحت ہے کہ جب کاشتکار اصلی یا وارث لگان واحد سولہا سال تک برابر آراضی پر کاشت کرے یا اُسپر قابض رہے تو حق دخیلکاری حاصل ہوگا) گو اُس لگان واحد کی شرط اُٹھا دیگئی ہو متعلق ترمیم دستور عامدیہ مین تصریح ہے اور وہ کاغذات کمیٹی مین ہین ابھی تک وہان سے واپس نہین آئے ہین۔ تاکید بھیجی گئی ہے اور اُمید ہے کہ جلد ترمیم دستور عامدیہ بعد رائے کمیٹی سے آجائے لیکن جبتک کہ وہ ترمیم آکر منظوری صادر فرمائی جائے۔ اُس انتظامی صورت مین جو اضافہ یا تخفیف لگان عمومی طور پر ہوگا ہو کر لگان واحد قائم نہین رہا اس حکمی تغیر لگان کا اثر حقوق دخیلکاری پر نہین پڑنا چاہیے۔ تاکہ رعایا دل برداشتہ نہو۔ اسکی منظوری صادر فرمائی جائے۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

جملہ تحصیلات کو ایک ایک نقل اسکی بھیجی جائے اور لکھا جائے کہ تحصیلداران جملہ پٹواریان کو طلب کرکے اُنکے روزنامچہ مین بالفاظ ذیل ہدایت لکھدین۔ تاکہ کاشتکاران عام طور پر اُسکو سمجھ لین۔

"دفعہ ۸ دستور عامدیہ مین شرط ہے کہ سولہا سال تک ایک ہی لگان رہے تب دخیلکاری ہوگی لیکن کئی سال سے جلسہ نیلام مین اضافہ یا تخفیف تجویز ہوکر منشیکہ دیا جاتا ہے جس سال سے کہ ایسا نیلام ہوا ہے کہ جسمین تخفیف یا اضافہ ہوا اور جبتک کہ ایسا انتظام جاری رہیگا اُن سالون مین لگان کا گھٹنا یا بڑھنا اُن کاشتکاران کے مقدمات بیدخلی مین کہ جنکے لگان ایسی تجویز سے بڑھے یا گھٹے ہون قابل لحاظ نہین ہوگا"

ایک ایک نقل اسکی برائے اطلاع عام بندوبست و نظامت کو بھیجی جائے

نقل فائل بک مین چسپان کیجائے۔ ایک نقل بطبع سرکاری کو برغرض اندراج گزٹ مرسل ہو۔ ۲۳ فروری سنہ ۱۹۲۰ء

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

سید ابرار حسین بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار افسر کارخانہ جات باورچیخانہ انگریزی و ہندوستانی و گاؤمیش خانہ و بھنڈی خانہ و ڈالیخانہ خاص و پاندان خانہ مقرر کئے جائیں اور بحالت علالت سید علی اکبر مہتمم خاصہ خدمت خاصہ بھی انجام دیا کرین۔ باورچیخانہ جات کا تعلق اتابک محمد عبدالقادر خان افسر کارخانہ جات سے ہے۔ برائے آئندہ عبدالقادر خان کے متعلق جو کام و کارخانہ جات رہین گے اُنکی تجویز و صراحت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کردین۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

الاؤنس

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب استدعا صاحب ہوم سکریٹری بہادر عارضی طور پر تاختم جانچ چراغ شبیر احمد خان سپروائزر تعمیرات بیرونجات کا ۲۴ نومبر سنہ ۱۹۲۰ء تاریخ کرنگی سے پچیس روپیہ ماہوار الاؤنس منظور فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۹ فروری سنہ ۱۹۲۰ء

مزید رخصت سہ ماہہ منشی محسن الزمان عابد من ابتدا یکم مارچ سنہ ۱۹۲۰ء لغایت آخر مئی سنہ ۱۹۲۰ء بانتظام سابقہ حسب تحریر افسر صاحبان بورڈ آف آڈٹ منظور ہوئی۔

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر

مطبوعہ ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے یکم لغایت ۷ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵ ار	۴۰ ار		۵۰ ار		۵۰ ار	
نخود خالص	۷۰ ار	۴/ ار		۰		۴۰ ار	
نخود کرآمیز	۵ ار	۰		۴ ار		۵ ار	
گڑ	۵۰ ار	۰		۷ ار		۵۰ ار	
ماش	۴۰ ار	۴۰ ار		۷۰ ار		۴ ار	
مونگ	۴ ار	۳۰ ار		۴ ار		۳ ار	
مکا	۹ ار	۸ ار		۵۰ ار		۸ ار	
جئی	۰	۰				۶۰ ار	
گوجئی	۶ ار	۰		۰		۶ ار	
عدس	۰	۰		۰		۵ ار	
ارہر	۰	۰		۰		۰	
برنج	۳۰ ار	۴ ار		۳ ار		۴ ار	
روغن زرد	۔/ ار	۔/ ار		۔/ ار		۔/ ار	
روغن سیاہ	۱ ار	[illegible]		۱ ار		۱ ار	
روغن کنجد	[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]	
نمک سانبھر	۱۱۰ ار	۹ ار		۸۰ ار		۹ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۸ ار		۵ ار		۷ ار	
قند سیاہ	۵ ار	۵ ار		۵ ار		۴۰ ار	
باجرہ	۷ ار	۷ ار		۷ ار		۷۰ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور